آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز منگل 07 ستمبر 2021ء بمطابق 29 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ نمبر 227

سانحہ مانگی ڈیم لاشوں کی تدفین کی حد تک مذاکرات کامیاب

دھرنا جاری رکھنے کا اعلان تین دن بعد بوستان میں پشتون اولسی جرگہ منعقد کرکے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا، میجر زمان شہید کو زندرہ جبکہ زین اللہ اور مدثر حسین کو مانگی میں سپرد خاک کردیا گیا

تین دن بعد پشتون اولسی قومی جرگہ جس میں ہر ضلع سے 10 سے 12 یا 15 معتبرین کو بوستان میں مدعو کیا جائے گا اور آئندہ کا لائحہ عمل مذکورہ جرگے کے سامنے رکھا جائے گا

جرگے کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرتے ہوئے آگے بڑھایا جائے گا، پشتون وطن کے حالات ٹھیک نہیں ہے دھرنے کے ذریعے ہم نے دنیا کو ایک پیغام دینا چاہتے تھے

کوئٹہ (آن لائن) سانحہ مانگی ڈیم کے خلاف دھرنا کمیٹی اور حکومت میں شہداء کی لاشوں کی تدفین کی حد تک مذاکرات کامیاب تاہم دھرنا جاری رکھنے کا اعلان تین دن بعد بوستان میں پشتون اولسی جرگہ منعقد کرکے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا، میجر زمان شہید کو زندرہ جبکہ زین اللہ اور مدثر حسین کو مانگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ گزشتہ روز سانحہ مانگی ڈیم دھرنا ایکشن کمیٹی کے سربراہ وپشتون قومی جرگے کے کنوینر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کے ساتھ حکومتی مذاکراتی کمیٹی جس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، اے این پی کے پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	7:00
عشاء	08:30

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	08:00

اسلام آباد صدر ڈاکٹر عارف علوی نے تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ہماری امن کی خواہش کو کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے

وزیراعظم

ہماری امن کی خواہش کو ہماری کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے، خطے کے لوگوں کی خوشحالی اور بہتری کیلئے اس کا جواب اسی مثبت انداز میں دیا جانا چاہیے

بدقسمتی سے ماضی میں ہندوستان، افغان سرزمین کو پاکستان میں بدامنی اور دہشت گردی کی کاروائیوں کے لیے استعمال کرتا رہا ہے، اقوام عالم کو جارحانہ رویئے پر ہندوستان کو ذمہ دار ٹھہرانا چاہیے

وزیراعظم کا وطن کی سلامتی اور تحفظ کیلئے اپنی قیمتی جانیں قربان کرنے والے قوم کے بہادر بیٹوں کو سلام، ہم ملک کے دفاع، سلامتی اور بقا کا تحفظ ہر قیمت پر کرتے رہیں گے، عمران خان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع وشہداء کے موقع پر وزیراعظم عمران خان نے وطن کی سلامتی اور تحفظ کیلئے اپنی قیمتی جانیں قربان کرنے والے قوم کے بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری امن کی خواہش کو ہماری کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے، خطے کے لوگوں کی خوشحالی اور بہتری کیلئے اس کا جواب اسی مثبت انداز میں دیا جانا چاہیے بدقسمتی سے ماضی میں ہندوستان، افغان سرزمین کو پاکستان میں بدامنی اور دہشت گردی کی کاروائیوں کے لیے استعمال کرتا رہا ہے، اقوام عالم کو جارحانہ رویئے پر ہندوستان کو ذمہ دار ٹھہرانا چاہیے، ہم ملک کے دفاع، سلامتی اور بقا کا تحفظ ہر قیمت پر کرتے رہیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں آزمائشوں سے گزر کر اور بھی زیادہ مضبوط ہو جاتی ہیں، 1965ء میں جب دشمن نے ہماری آزادی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے اٹلی کے وزیر خارجہ لیوگی دے مایو وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے، سردار بابر

ہماری جماعت صوبے اور ملک کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور صوبے بھر میں ترقی کیلئے جامع حکمت عملی پر عملدرآمد کررہے ہیں، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ عوام کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل لوٹھی پر مذہبی میں پارٹی شمولیت کرنے والوں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

طالبان کے بیانات خوش آئند ہیں، پاکستان

افغان شہریوں کی جان ومال اور حقوق کے تحفظ کے ساتھ افغانستان میں اجتماعیت کی حامل حکومت کا متمنی ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور اٹلی نے پارلیمانی روابط کے فروغ پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ طالبان قیادت کی جانب سے جنگ کے خاتمے، عام معافی افغانوں کے حقوق کے تحفظ اور افغان سرزمین کو کسی کے خلاف

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

یونیورسٹیز اور انڈسٹری کو آپس میں رابطہ قائم کرنا ہوگا، صدر مملکت عارف علوی

مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق انجینئرز پیدا کرنے ہوں گے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ یونیورسٹیز اور انڈسٹری کو آپس میں رابطہ قائم کرنا ہوگا۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انجینئرنگ وہ پیشہ ہے جو قوموں کی تعمیر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئرز کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وڈھ میں گھر پر دستی بم سے حملہ، کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا

خضدار (این این آئی) وڈھ میں گھر پر دستی بم سے حملہ، کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا۔ تحصیلات کے مطابق بیر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے سے نشے کے عادی شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سے نشے کے عادی شخص کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق بیر کو

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ایرانی حکام نے دو پاکستانی باشندوں کی لاشیں تفتان بارڈر پر لیویز کے حوالے کردیا

چاغی (آن لائن) ایرانی حکام نے دو پاکستانی باشندوں کی لاشیں تفتان بارڈر پر لیویز کے حوالے کردیا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی ہوگیا ہے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

شہداء کی لازوال قربانیاں، فوجی جوانوں کا غیر متزلزل عزم اور عوام کا ناقابل تسخیر اتحاد ہماری طاقت اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے، اعظم سواتی

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ شہداء کی لازوال قربانیاں، فوجی جوانوں کا غیر متزلزل عزم اور عوام کا ناقابل تسخیر اتحاد ہماری طاقت اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیر ریلوے نے اپنے بیان میں کہا کہ یوم دفاع منانے کا مقصد پاکستان کی جغرافیہ،

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم 272 پناہ گزینوں کو چمن بارڈر کے ذریعے واپس افغانستان بھیج دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم 272 پناہ گزینوں کو چمن بارڈر کے ذریعے واپس

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری کی سربراہی میں 3 رکنی پارلیمانی وفد سرکاری دورے پر آسٹریا روانہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری کی سربراہی میں 3 رکنی پارلیمانی وفد

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

6 ستمبر کے دن ہماری بہادر افواج نے بھارتی عزائم کو مٹی میں ملا دیا، سینیٹر شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کے دن ہماری

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

یوم دفاع کی مناسبت سے پاک فضائیہ کا شاہینوں کو زبردست خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے یوم دفاع کی مناسبت سے پاک

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

صوبے کے اجتماعی مسائل کو حل کرنا

وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے جنوبی اضلاع کے لئے 600 ارب سے زائد کے ترقیاتی پیکج کے بعد جلد ہی شمالی اضلاع کے لئے بھی پیکج دیا جائیگا

جس کے لئے بطور گورنر جو بھی کردار ہوا ادا کرونگا صوبے کی تمام جامعات میں اصلاحات اور بہتری لانا میرا عزم ہے، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر صوبے کے تمام اجتماعی مسائل کو حل کرنے میں کردار ادا کرونگا وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے جنوبی اضلاع کے لئے 600 ارب سے زائد کے ترقیاتی پیکج کے بعد جلد ہی شمالی اضلاع کے لئے بھی پیکج دیا جائیگا، صوبے کی تمام جامعات میں اصلاحات اور بہتری لانا میرا عزم ہے، یہ بات انہوں نے نیشنل سیکورٹی ورکشاپ 2 کے شرکاء کی جانب سے انکے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ گورنر سید ظہور آغا نے کہا کہ نیشنل سیکورٹی ورکشاپ نے صوبے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد میں صوبے کی بہتری اور ترقی کے لئے کام کرنے میں ہم آہنگی پیدا کی ہے یہی وجہ ہے کہ آج مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد صوبے کی ترقی کے لئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی جامعات سے متعلق امور پر بریفنگ دینے کے بعد ان میں اصلاحات اور بہتری

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

اسد قیصر کا یوم دفاع کے موقع پر پاک افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین

پاک افواج کی موجودگی میں دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرسکتا، بیان

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک افواج نے جو قربانیاں پیش کیں ان کی مثال نہیں ملتی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے یوم دفاع کے موقع پر پاک افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک افواج نے جو قربانیاں پیش کیں ان کی مثال نہیں ملتی۔ اپنے بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ پوری قوم پاک افواج کے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک افواج نے جو قربانیاں پیش کیں ان کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو پاک افواج پر فخر ہے، قوم

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ملک بھر کی طرح پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں بھی یوم دفاع جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئی

تفتان (آن لائن) ملک بھر کی طرح پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں بھی یوم دفاع جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئی یوم دفاع کی مناسبت سے وطن کی دفاع کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

صوبے میں امن وامان تباہ نہیں ہونے دینگے

اسپیکر بلوچستان اسمبلی

نیک نیتی سے عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، صوبے کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیئے سیکورٹی فورسز بہتر انداز میں کام کررہی ہے

غریب عوام کے مسائل حل کرنے کے لیئے حتی الوسع کوشش کررہے ہیں صوبے میں کسی کو امن تباہ نہیں ہونے دینگے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

اوتھل (نامہ نگار) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی جاموٹ ہاؤس اوتھل آمد بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور ممتاز معروف قبائلی شخصیت وسماجی ورکر محمد حسن جاموٹ سے وان نو وان ملاقات علاقائی مسائل اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس دوران انہوں نے کہا کہ غریب عوام کے مسائل حل کرنے کے لیئے حتی الوسع کوشش کررہے ہیں صوبے میں کسی کو امن تباہ نہیں ہونے دینگے نیک نیتی سے عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیئے سیکورٹی فورسز بہتر انداز میں کام کررہی ہے تصیلات کے مطابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی اوتھل آمد کے موقع پر جاموٹ ہاؤس پہنچنے پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے جاموٹ ہاؤس

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

وزیراعظم اور آرمی چیف کی قیادت میں ہم متحد ہیں، جو باہر ڈوار کا حصہ بنے وہ خوار ہورہے ہیں

آج مودی کے گانا گانے والے کدھر غائب ہیں، جو اداکار اور کردار افواج پر بولا کرتے تھے، انکی سٹی گم ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان ووزیر جیل خانہ جات وپنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور آرمی چیف کی قیادت میں ہم متحد ہیں، جو باہر ڈوار کا حصہ بنے وہ خوار ہورہے ہیں، آج مودی کے گانا گانے والے کدھر غائب ہیں، جو اداکار اور کردار افواج پر بولا کرتے تھے، انکی سٹی گم ہے۔ صوبائی وزیر جیل خانہ جات وترجمان پنجاب حکومت فیاض الحسن چوہان نے یوم دفاع پر دارالحکومت کے نواح میں شہید کرنل سہیل عابد عباسی کی قبر پر حاضری، شہید کے والدین کے ہمراہ پھولوں چادر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لاہور یوم دفاع پاکستان کے موقع پر مزاروں میں یادگار شہداء پر تقریب کے موقع پر پاک فوج کے جوان سلامی پیش کررہے ہیں

بلوچستان حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

اگر گورنر

جس کے لئے بطور گورنر جو بھی کردار ہوا ادا کرونگا صوبے کی تمام جامعات میں اصلاحات اور بہتری لانا میرا عزم ہے، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر صوبے کے تمام اجتماعی مسائل کو حل کرنے میں کردار ادا کرونگا وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے جنوبی اضلاع کے لئے 600 ارب سے زائد کے ترقیاتی پیکج کے بعد جلد ہی شمالی اضلاع کے لئے بھی پیکج دیا جائیگا، صوبے کی تمام جامعات میں اصلاحات اور بہتری لانا میرا عزم ہے، یہ بات انہوں نے نیشنل سیکورٹی ورکشاپ 2 کے شرکاء کی جانب سے انکے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ گورنر سید ظہور آغا نے کہا کہ نیشنل سیکورٹی ورکشاپ نے صوبے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد میں صوبے کی بہتری اور ترقی کے لئے کام کرنے میں ہم آہنگی پیدا کی ہے یہی وجہ ہے کہ آج مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد صوبے کی ترقی کے لئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی جامعات سے متعلق امور پر بریفنگ دینے کے بعد ان میں اصلاحات اور بہتری

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ملک بھر کی طرح پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں بھی یوم دفاع جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئی

تفتان (آن لائن) ملک بھر کی طرح پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں بھی یوم دفاع جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئی یوم دفاع کی مناسبت سے وطن کی دفاع کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

شیخ رشید

بلوچستان میں ملوث دہشتگردوں کی شناخت ہوچکی

دونوں افغانستان سے آئے تھے، مستقبل میں افغانستان کی سیاست کا خطے میں بہت بڑا دخل ہوگا، پاکستان کیا کرنے جارہا ہے، یہ عمران خان کا فیصلہ ہے، پاکستان میں کوئی مہاجر کیمپ نہیں ہے

بھارت کا پروپیگنڈا بے بنیاد ہے، خطے میں سب سے زیادہ بھارت کو منہ کی کھانی پڑی ہے، سی پیک پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے، اگر طالبان بھی یہی سوچ رکھتے ہیں تو بہت اچھی بات ہے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ گوادر اور کوئٹہ حملوں میں ملوث دہشت گردوں کی شناخت ہوگئی ہے، دونوں افغانستان سے آئے تھے، مستقبل میں افغانستان کی سیاست کا خطے میں بہت بڑا دخل ہوگا، پاکستان کیا کرنے جارہا ہے، یہ عمران خان کا فیصلہ ہے، پاکستان میں کوئی مہاجر کیمپ نہیں ہے، بھارت کا پروپیگنڈا بے بنیاد ہے، خطے میں سب سے زیادہ بھارت کو منہ کی کھانی پڑی ہے، سی پیک پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے، اگر طالبان بھی یہی سوچ رکھتے ہیں تو بہت اچھی بات ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستقبل میں افغانستان

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ہم پاکستان کی مسلح افواج کے ساتھ مل کر مادر وطن کے تحفظ کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے، وزیر اطلاعات

افواج پاکستان کی جرات اور بہترین پیشہ ورانہ مہارت اور قومی ترقی، جمہوریت کی مضبوطی اور عالمی امن کے لئے کوششیں لائق تحسین ہیں

یوم دفاع پاکستان مارے گئے دشمن کا بہترین عکاس ہے، دہشت گردی اور شدت پسندی کے خاتمے میں بھرپور کردار ہے، فواد چوہدری کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ ہم پاکستان کی مسلح افواج کے ساتھ مل کر مادر وطن کے تحفظ کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے، یوم دفاع پاکستان ہمارے ملی اتحاد و یکجہتی کا بہترین عکاس ہے، دہشت گردی اور شدت پسندی کے خاتمہ میں افواج پاکستان کی جرات اور بہترین پیشہ ورانہ مہارت اور قومی ترقی، جمہوریت کی مضبوطی اور عالمی امن کے لئے کوششیں لائق تحسین ہیں۔ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

مسلح افواج ملک کے اندرونی اور بیرونی خطرات سے ہر ممکن طریقے سے نبرد آزما ہونے کے لیے پوری طرح تیار ہیں، فروغ نسیم

ہم وطنوں کے ساتھ مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہوں، پاکستان کی خاطر کوئی بھی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم نے کہا ہے کہ ہماری مسلح افواج ملک کے اندرونی اور بیرونی خطرات سے ہر ممکن طریقے سے نبرد آزما ہونے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ یوم دفاع 6 ستمبر 2021 کے موقع پر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اختلافات ہر جگہ ہوتے ہیں جنہیں مل کر ختم کرنا ہوگا، لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی

ہمارا دشمن یہ سمجھتا تھا کہ وہ پاکستان میں کارروائیاں کریگا لیکن اسے ناکامی ہوئی دشمن کی کوشش تھی کہ وہ یہاں کے لوگوں کو قومیت کے نام پر تقسیم کرے لیکن اسے کامیابی حاصل نہیں ہوئی

دشمن نے شکست کے بعد ہمارے ساتھ سائیکولوجیکل وار شروع کرچکی ہے جسے ہمیں ناکام بنانا ہے اس وقت پاکستان کو چین چیلنجز کا سامنا ہے، کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل

کوئٹہ (این این آئی) کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی نے کہا ہے کہ جنگیں فوج نہیں قومیں لڑا کرتی ہیں اگر قوم فوج کے پیچھے نہ ہو اور صرف فوج لڑے ایسے میں جنگ میں کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی ہمارا یقین ہے کہ مملکت خداداد پاکستان کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا اور ہم اپنی منزل کی جانب بڑھتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے محکمہ کھیل وامور نوجوانان کے زیر اہتمام یوم دفاع کے حوالے سے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کے دوران کہی، تقریب میں صوبائی وزراء ومشیران میر شہور بلیدی، مطلعہ خان کاکڑ، عبدالخالق ہزارہ، سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان عمران بگٹی، بلوچستان سے تعلق رکھنے والے شہداء کے خاندانوں نے بھی شرکت کی تقریب میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور شہداء کے خاندانوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کئے گئے، کمانڈر سدرن کمانڈ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انکے لئے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

چیئرمین نیب کی مدت ملازمت میں توسیع کیلئے صدارتی آرڈیننس ٹیکنیکی سے ایک اور آرڈیننس جاری ہونے والا ہے، احسن اقبال

نیب کا زور بس اپوزیشن اور عام آدمی پر چلتا ہے، جو ملک میں اپوزیشن کیساتھ بیٹھ کر بات نہیں کرسکتے وہ بھی طالبان کو ساتھ لیکر چلنے کی بات کررہے ہیں

احتساب بیورو کے چیئرمین اپنی نوکری پکی کرنے کیلئے جھوٹے اور من گھڑت کیسز بنا رہے ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا ہے کہ چیئرمین نیب کی مدت ملازمت میں توسیع کے لیے صدارتی آرڈیننس ٹیکنیکی سے ایک اور آرڈیننس جاری ہونے والا ہے، احتساب بیورو کے چیئرمین اپنی نوکری پکی کرنے کیلئے جھوٹے اور من گھڑت کیسز بنا رہے ہیں، نیب کا زور بس اپوزیشن اور عام آدمی پر چلتا ہے، جو ملک میں اپوزیشن کیساتھ بیٹھ کر بات نہیں کرسکتے وہ بھی طالبان کو ساتھ لیکر چلنے کی بات کررہے ہیں۔ اسلام آباد کی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاک افغان سرحدی شہر چمن میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے دشوٹک پاسنگ کا صوبائی سربراہ جاں بحق

چمن (آن لائن) پاک افغان سرحدی شہر چمن میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے دشوٹک پاسنگ کا صوبائی سربراہ جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز سرحدی شہر چمن کے علاقے رحمن کیول میں زمین کے تنازعہ پر دو گروہوں میں تصادم ہوا جس کے دوران فائرنگ سے پاکستان ودشو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

خواتین کی فلاح وبہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں، بشریٰ رند

حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں خواتین کی ترقی پر یقین رکھتی ہے

خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بشریٰ رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ خواتین کی عملی شمولیت معاشرے کے نکھار کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں خواتین کی ترقی پر یقین رکھتی ہے اور خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے خواتین کیلئے ہاسٹل بنائے جارہے ہیں اور اسکے علاوہ خواتین کیلئے ماحول کو سازگار بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جارہے ہیں خواتین جو کہ آبادی کا تقریباً نصف کے برابر ہیں صوبے اور ملک کی ترقی کیلئے خواتین کی شمولیت انتہائی ضروری ہے۔ خواتین پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی اہمیت کو سمجھتے ہوئے ملک وملت کو سنوارنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ کیونکہ تربیت کا آغاز ماں کی گودی سے شروع

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایوب نیشنل پارک کے آرمی میوزیم کو عوام کیلئے کھول دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایوب نیشنل پارک کے آرمی میوزیم کو عوام کیلئے کھول دیا گیا۔ پیر کو 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے نیشنل ایوب پارک میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں ڈائریکٹر جنرل آرمی ہیریٹیج فاؤنڈیشن بریگیڈیئر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

1965 کے شہداء اور غازیوں کے جرات، شجاعت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاکستان تحریک انصاف

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 6 ستمبر یوم دفاع کیساتھ پوری قوم کے لئے یوم تشکر اور یوم فخر کا دن بھی ہے آج کے دن ہم پاک فوج کے 1965 کے شہداء اور غازیوں کے جرات، شجاعت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پوری دنیا اور

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پاکستان، کورونا وائرس سے مزید 57 افراد چل بسے، 3613 کیسز سامنے آگئے

مزید 57 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 3 ہزار 438 مریض شفایاب ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 3 ہزار 613 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 57 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 3 ہزار 438 مریض شفایاب ہوگئے، مثبت کیسز کی شرح 6 اعشاریہ 32 فیصد ہوگئی۔ سماجی فاصلے ماسک کو نظر انداز کرنے اور ایس او پیز کی خلاف ورزیوں کے باعث پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لاہور مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف مزاروں میں یادگار شہداء پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

بہادر جوانوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے، نصیب اللہ مری

ڈی جی لیویز کی جانب سے یادگار شہداء پر رسالدار میجر شیر محمد مری نے پھولوں کا گلدستہ چڑھایا

رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے شہداء کے یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور دعا کی ہے

کوہلو (این این آئی) یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے کوہلو میں شہید لیفٹیننٹ جہانگیر مری (تمغہ بسالت) کے قبر پر ایف سی میونڈ رائفلز کے چاق وچوبند دستے نے سلامی دی جبکہ رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری، ونگ کمانڈر میونڈ رائفلز لیفٹیننٹ کرنل مقتدی حسین اور اسسٹنٹ کمشنر عبدالستار مینگل نے شہید کے آخری آرام گاہ پر پھولوں کے چادر چڑھائی ہے تقریب میں شہید کے لواحقین، قبائلی عمائدین، انتظامی افسران اور سول سوسائٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی ہے دوسری جانب لیویز لائن میں یادگار شہداء پر کیو آر ایف کے چاق و

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سریل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

07 ستمبر 2021ء

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

امریکہ نے قریب ترین حلیف برطانیہ کے وزیر دفاع بن ویلیس نے افغانستان لئے فوجی اقطاء کے بعد اعلان کر دیا ہے کہ امریکہ اب سپر پاور نہیں رہا۔ برطانوی وزیر دفاع نے تازہ ترین بیان نے ثابت کر دیا کہ امریکہ کی قیادت میں قائم عالمہ نظام اب برقرار نہیں رہ سکتا۔ اس کے ساتھ ہی پوری یونین کے ممالک نے بھی امریکہ پر عدم اعتماد کا اظہار کرنا شروع کر دیا ہے۔ پوری یونین کے وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ 27 ملکوں پر مشتمل یورپی یونین نے اپنا فوجی اتحاد تشکیل دینے پر غور شروع کر دیا ہے۔ یورپی یونین کے ممالک کو شکایت ہے کہ افغانستان سے انخلاء کے دوران امریکہ نے تمام توجہ اپنے فوجیوں پر مرکوز رکھی اور اس نے اتحادی افواج کے ساتھ مطالبہ تعاون نہیں کیا۔ اس سے قبل امریکی محکمہ دفاع خود اپنی ایک تحقیقی رپورٹ میں اس بات کا اعتراف کر چکا ہے کہ دوسری عالمی جنگ کے بعد عالم کو ہونے والا امریکی قیادت میں عالمی نظام مر بوز زوال ہے اور خود امریکہ سپر طاقت کی حیثیت سے عالمہ امور میں اپنی برتری کھو تا جا رہا ہے امریکی ماہر عاشیات والرسٹین پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ عالمہ سرمائیہ دارانہ نظام تا عابل حل بحران کا شکار ہو گیا ہے یہ درست ہے کہ 2001 میں جب امریکی حکمرانوں نے نائن الیون کے تناظر میں دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ شروع کرنے کا اعلان کیا اور امریکی و نیٹو فورسیز افغانستان پر حملہ آور ہو گئیں تو امریکہ نے اس وقت بھی طالبان پر برداشت الزام عائد نہیں کیا تھا۔ بلکہ انھوں نے القاعدہ اور اسامہ بن لادن کے خلاف کارروائی نہ کرنے کی طالبان کو سزا دی تھی۔ بین السطور کہا نیاں اور بھی ہیں۔ ایک امریکی نائب صدر اپنی ایک نجی کمپنی کے مفادات کو تحفظ دینے میں غیر معمولی طور پر فعال تھے۔ بہر حال یہ بات قابل غور ہے کہ آج افغانستان سے واپسی پر اقرار اختیار کرتے ہوئے بھی امریکی حکمران اس دعوے پر مصر ہیں کہ افغانستان میں القاعدہ داعش اور دیگر دہشتگردی گروکوپ موجود ہیں۔ اگر امریکی اور نیٹو افواج انزکاوہ دہشتگردوں کے خاتمے کی غرض سے آئی تھیں تو آج انگی موجودگی امریکی و نیٹو فورسیز کی واپسی کا کیا جواز ہے۔ امریکی سی آئی اے کے ایک سینئر ریٹائرڈ افسر نے جو بن لادن یونٹ کے سربراہ بھی رہ چکے ہیں اپنی کتاب امریکہ جنم کی طرف گامزن میں لکھا ہے کہ القاعدہ اور بنیاد پرستی دہشتگردی کا خطرہ امریکہ کا اپنا تراش کردہ ہے جس کا مقصد حقیقی مخالفین کو سامنے آنے سے روکنا ہے۔ سابق سویت یونین کے انہدام کے بعد امریکی حکمرانوں کو یہ خوش فہمی ہوئی کہ اب وہی دنیا کے مالک ومختار ہیں ان کے تھنک ٹینکس نے باقاعدہ اعلان کر دیا کہ انسانی تہذیب مکمل ہو چکی۔ سوشلزم کو تاریخی شکست ہوگئی۔ عالمی سرمائیہ دارانہ نظام کو حتمی فتح حاصل ہوگئی اور اب دنیا کی قیادت کرنے والا واحد اعلیٰ ملک امریکہ ہے۔ اپنے اس مفروضہ کو حقیقت ثابت کرنے کیلئے وہ برسوہ فرفی دشمن تراشتے مفروضی جنگیں چھیڑتے رہے اور لاکھوں انسانوں کے بے دریغ قتل کے علاوہ انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزیاں کرتے رہے۔ لیکن ارتقا کے اپنے قوانین ہوتے ہیں جن میں کسی سپر طاقت کے حکمرانوں کی مرضی اور خواہش سے تبدیلی نہیں ہوتی۔ اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود امریکی حکمران عالمی سطح پر مسابقت کو روکنے اور تعین کی زنجیر قرتر تی کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے میں ناکام ہیں۔ اور بالآخر دنیا تبدیل ہو گئی۔ طاقت کا توازن مغرب سے مشرق کو منتقل ہونا شروع ہو گیا۔ جو ایشیا کی صدی کے آغاز کا پیش خیمہ تھا۔ دبوت نام کی میز بانی میں ایک آن لائن کانفرنس میں 15 ممالک نے ایک نئے تجارتی معاہدے پر دستخط کر دیئے ہیں۔ جیسے علاقائی منفعل شراکت دلمدی کا نام دیا گیا ہے۔ اب خود امریکی اتحادی امریکہ کی برتری ماننے سے انکاری ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ نوآبادیاتی باقیات کو اب اپنی سازشوں میں کوئی کامیابی نہیں ہو سکتی اور نہ ہی ایک نئے منصفانہ عالمی نظام کے ابھار کو روکا جا سکتا ہے۔

پرامن علاقہ، پرامن تحصیل مشکے

بلوچستان میں تحصیل مشکے کو بدامنی کے نام سے جانا جاتا تھا، علاقے کا یہ حال تھا، نہ سامنر فسر کرنے میں محفوظ تھے، اوغ نہ دان میں نہ رات میں اپنے آپ کو محفوظ سمجھتے تھے، دن دیہاڑے

عنایت اللہ گام

سرحام چوری ڈکیاں ہوتی تھی، گھر سے باہر، باہر تھا، اپنے اپنے گھروں میں غیر محفوظ تھے، بدامنی سے لوگ تنگ آ کر اپنے بنا ہوا جاد تھے زمین سے ہجرت کر نے لگے، ہزاروں اہل علاقہ نے اپنے گھر، زمینوں، جائیداد، اپنے غریب عزیز اقارب کو چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں آباد ہونے لگے، جو غریب تھے، غربت ان کے ہجرت کرنے، علاقہ چھوڑنے کے سامنے رکاوٹ بن گئی، امن کیلئے ترسنے لگے، ایک طرف حالات خراب تھی، دوسری طرف ان کو زندگی کے بنیادی سہولیات میں سے ایک بھی میسر نہ تھا، اس لیے اپ سے اپنے علاقے میں امن کی دعا کیں مانگتے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کی سن لی، آج وہ بدامن علاقہ امن کا گہوارہ بن گیا،

حالات خراب ہونے سے پہلے خضدار کا مشکے، مشکے تو تربت، مسکی خن جن چھوٹے چھوٹے قصبے تھیرہی، ڈیرہ، بردار کے اندر جاتی تھی، ان چھوٹی چھوٹی شہروں میں چھوٹی چھوٹی بازار، بازاروں میں خورد ونوش اشیاء، سبزی، مرغی، بکری کے گوشت دستیاب تھے، میڈیکل اسٹور، ہال بنوانے والے، موٹر سائیکل بنانے مکینک کے دکانیں، ایک ایک چائے والے ہوٹل تھے، رش کش تھا، امن وامان بگڑنے کے بعد تمام چھوٹی چھوٹی بازاریں بند سنسان ہو گئیں، گاؤں کے گاؤں ویران ہوگئی، لوگل بسیں بند ہوگئی، خضدار تو مشکے، خضدار تربت جونسیں چلتی تھی، سب بند ہو گئے، ان گاڑیوں کی جگہ بیک ایک گاڑیاں لے لی، سورج ڈھلنے سے پہلے گاڑی والے اپنے اپنے گھروں میں پہنچنے کی کوشش کرتے، جو پہنچ نہیں چوروں کے شکار ہوتے، رات میں کوئی اہم کسی بھی کام کے لیے نکلتے تھے، اپنے ہاروں کی بستر پر لڑیاں رگڑ رگڑ اپنے رب کو پیارے ہونے کی قربانیاں دیتے تھے، گھر سے نکلتے

ہوئے اور گھر واپس آتے ہوئے ہر کام کو اپنے آخری کام سمجھتے تھے، ہر کام میں ہر جگہ اللہ کا نام لیتے تھے، اپنے اپنے بیویوں اور بچوں کو اپنے اللہ کے حوالے کر

شال بقیہ 1

داخلہ ارشد مجید، ڈائریکٹر جنرل لیویز قادر بخش پرکانی ودیگر شامل تھے نے مذاکرات کئے۔ بعدازاں سانحہ ماگی ڈیم دھرنا ایکشن کمیٹی کے سربراہ و پشتون قومی جرگے کے کنوینر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماگی ڈیم سانحہ پر پشتونوں کا یکجا ہونے سے تمام پشتونوں کو اتحاد واتفاق کا پیغام ملا اور آئندہ بھی پشتونوں کو درپیش مسائل ومشکلات کے حل کیلئے اسی طرح ہمت اور جرأت کا مظاہرہ کرنا ہوگا دھرنے کے مطالبات میں سے بعض چیزیں صوبائی حکومت جبکہ بعض چیزیں وفاقی حکومت کے زیر اختیار ہیں شہداء کی لاشیں مزید رکھنے کا متحمل نہیں، شہداء کو سپرد خاک کردیا جائے گا لیویز اہلکاروں کی خاتمہ گھروں کے ساتھ ساتھ دھرنے کے مقام پر بھی ہوگی تین دن بعد پشتون اولسی قومی جرگہ جس میں ہر ضلع سے 10 س سے 12 یا 15 معتبرین کو بوستان میں مدعو کیا جائے گا اور آئندہ کا لائحہ عمل مذکورہ جرگے کے سامنے رکھا جائے گا اور پھر جرگے کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرتے ہوئے آگے بڑھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون وطن کے حالات ٹھیک نہیں ہے دھرنے کے ذریعے ہم نے دنیا کو ایک پیغام دینا چاہتے تھے کہ پشتونوں کے ساتھ ظلم وجبر کا سلسلہ جاری ہے اس ظلم وجبر کے خاتمے کیلئے جدوجہد جاری رہے گی ہمیں ایسے فیصلے کرنے ہونگے تاکہ قوم کو مسائل سے نجات دلائیں انہیں ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرے پھر جا کر پشتون ترقی کرکے وطن کو آباد کرسکتا ہے، کوئٹہ کے مستونگ روڈ پر ایف سی پر ہونے والے دھماکے کی ہم مذمت کرتے ہیں، ہم ایسے غریب سپاہی کو نشانہ بنانے کی سخت مذمت کرتے ہیں اور پالیسی ساز، مقتدرہ پر واضح کرتے ہیں کہ ملک کی بہتری کیلئے ایسی پالیسی تشکیل دی جائے تاکہ عوام اور سپاہی محفوظ ہوں سپاہی قصوروار نہیں ہوتا تاہم پالیسی ساز اور حکم دینے والے قصوروار ہیں، ایک سپاہی کے بھی بچے اور والدین ہیں۔ انسانیت کی خاطر ہمیں ان سپاہیوں کے بچوں کو دیکھنا ہوگا اللہ تعالیٰ انہیں صبر وجمیل عطاء فرمائے۔ اس موقع پر پشتونخواہ عوامی پارٹی کے عبدالرحیم زیارتوال، عبدالقہار خان ودان منور خان پانیزئی، سردار مولیٰ خان کاکڑ، عوامی نیشنل پارٹی کے رشید خان ناصر ودیگر بھی موجود تھے۔ دریں اثناء زیارت زندرہ میں شہید میجر رسالدار میر زمان پانیزئی کا نماز جنازہ ادا کردی گی نماز جنازے میں صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ، ڈی جی لیویز قادر بخش پرکانی، ڈپٹی کمشنر زیارت عمر لیاقت رندھاوا، کمشنر سبی ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر زیارت زاہد احمد لانگو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ کاکڑ تحصیلدار نور احمد کاکڑ، رسالدار میجر روز محمد کاکڑ، رسالدار عمران دمڑ، جنرل سیکرٹری پریس کلب زیارت عبدالمنان سارنگزئی، ملک فتح دوتانی، زیارت کے قبائلی عمائدین، اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، شہید میجر کو قومی اعزاز میں سپرد خاک کردیا گیا، شہید کو لیویز اہلکاروں نے سلامی پیش کی۔

شال بقیہ 2

اور بقاء کو پامال کرنے کی کوشش کی تو پاکستانی قوم مضبوط چٹان کی طرح اس کے سامنے ڈٹ گئی، 6 ستمبر کو ہندوستان نے پاکستان پر غیر اعلانیہ جنگ مسلط کی تو پوری قوم محافظان وطن کی حمایت میں اٹھ کھڑی ہوئی، بہت سے لوگ نہتے پیدل ہی سرحدوں کی جانب چل پڑے، قومی ہم آہنگی اور یکجہتی کے اس عظیم مظاہرے نے ہماری بہادر مسلح افواج کے جذبوں کو اور بھی مہمیز لگا دی اور وہ دشمن کے خلاف اس بے خوفی سے لڑے کہ دنیا میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بہادر افسروں، جوانوں، پائلٹوں اور اور سیکٹروں نے دنیا پر ثابت کردیا کہ وطن کے ایک ایک انچ کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، چاہے اس کے لئے انہیں کوئی بھی قیمت چکانا پڑے، وہ اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر جرات وبہادری سے لڑے اور عظیم قربانیوں پیش کرتے ہوئے دفاع وطن کا فریضہ نبھانے میں کامیاب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا عظیم دن، ہر سال ہمیں اپنے ہیروز، مسلح افواج کے جانبازوں اور خاص طور پر ان شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جو ہمیشہ سے قوم کی امید اور فخر رہے ہیں، ہم وطن کی سلامتی اور تحفظ کے لئے اپنی قیمتی جانیں قربان کرنے والے قوم کے ان بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ہم شہداء کی فیملیز کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کو مادر وطن پر نچھاور کردیا۔ انہوں نے کہا کہ آج یہ دن مناتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ دشمن نے کبھی بھی پرامن بقائے باہمی کا مظاہرہ نہیں کیا بلکہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک اس نے پاکستان پر کئی جنگیں مسلط کی ہیں۔ 1948ء، 1965ء یا 1971ء ہو یا دو دہائیوں پر محیط دہشت گردی کے خلاف جنگ، پاکستان کے اندر تخریبی سرگرمیاں ہوں یا پھر سائبر وار فیئر کے ذریعے پراپیگنڈہ، دشمن ہمارے خلاف کارروائیاں کرتا چلا آرہا ہے، بدقسمتی سے ماضی میں ہندوستان، افغان سرزمین کو پاکستان میں بدامنی اور دہشت گردی کی کاروائیوں کے لیے استعمال کرتا رہا۔ آج کے دن ہم ان گھناؤنے ہتھکنڈے اپنانے والے عناصر کی مذمت کرتے ہوئے اپنی بہادر افواج کو خصوصاً وطن عزیز کے لیے ان کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام عالم کو اس جارحانہ رویے پر ہندوستان کو ذمہ دار ٹھہرانا چاہیے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہماری سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرکے ہندوستان کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کیا ہے۔

شال بقیہ 3

سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں ترقیاتی کام کرنا میرا شیوہ ہے۔ میری بھرپور کوشش ہے کہ یہاں کے لوگوں کو تمام تر بنیادی سہولیات فراہم کروں انہوں نے کہا جبکہ ہماری جماعت صوبے اور ملک کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور صوبے بھر میں ترقی کیلئے جامعہ حکمت عملی پر عملدرآمد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور صوبے کے مستقبل کیلئے پارٹی کارکنان پارٹی کے ہاتھ مضبوط کریں اور اس پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ انہوں نے پارٹی میں نئے شامل ہونے والوں کو خوش آمد کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارٹی پر واضح اعتماد کا ثبوت ہے کہ لوگوں کی بڑی تعداد جوق در جوق پارٹی میں شامل ہورہے ہیں اور ہم بھی انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ہم انکے اعتماد پر پورا اتریں گے۔

شال بقیہ 4

کی سیاست کا نقطے میں بہت بڑا دخل ہوگا، پاکستان کیا کرنے جارہا ہے یہ عمران خان کا فیصلہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں کوئی مہاجر کیمپ نہیں ہے، بھارت کا پروپیگنڈا بے بنیاد ہے، نقطے میں سب سے زیادہ بھارت کو منہ کی کھانی پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی افغانستان میں ساری سرمایہ کاری تباہ ہوگئی ہے، اسے پیٹ میں درد ہے کہ اس نے جو نقشہ بنایا تھا اور جو ان کے 66 کیمپ تھے وہ سب ختم ہوگئے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ جنرل فیض حمید بھارت کے میڈیا پر چھائے رہے، ان کے میڈیا کو دیکھا تو ہنسی آرہی تھی جیسے وہ کابل نہیں دہلی گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم افغانستان میں امن و استحکام چاہتے ہیں کیونکہ ہماری ترقی ایک دوسرے سے منسلک ہے، افغانستان میں حکومت کے قیام کے بعد ایک تفصیلی پریس کانفرنس کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ افغانستان سے بغیر دستاویزات کے پاکستان میں آئے ہیں ان کے بارے میں جلد حکومت فیصلہ کرے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ طالبان نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کی زمین ہمارے خلاف استعمال نہیں ہوگی تاہم یہاں بی ایل اے، داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں ہیں ہماری فوج ان سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاک چین اقتصادی راہداری میں طالبان کی دلچسپی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہی پیک پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے، اگر طالبان بھی یہی سوچ رکھتے ہیں تو بہت اچھی بات ہے۔

شال بقیہ 5

اعزاز کی بات کی ہے کہ آج وہ ان خاندانوں سے مخاطب ہیں جنہوں نے اپنوں کو اس سرزمین پر قربان کردیا انہوں نے کہا کہ دشمن نے شکست کے بعد ہمارے ساتھ سائیکولوجیکل وار شروع کررکھی ہے جسے ہمیں ناکام بنانا ہے اس وقت پاکستان کو جن چیلنجز کا سامنا ہے ان سے نبرد آزما ہونے کے لئے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اپنا کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا دشمن یہ سمجھتا تھا کہ وہ پاکستان میں کارروائیاں کریگا لیکن اسے ناکامی ہوئی جہاں تک شہداء کی بات ہے ہمیں انکے مشن کو آگے لیکر جانا چاہیے انہوں نے کہا کہ دشمن کی کوشش تھی کہ وہ یہاں کے لوگوں کو قومیت کے نام پر تقسیم کرے لیکن اسے کامیابی حاصل نہیں ہوئی کیونکہ پوری قوم دشمن کے عزائم کے خلاف متحد ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی منزل کی جانب ضرور جائیگا چاہے ہم اس میں اپنا کردار ادا کریں یا نہ کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے راستے الگ ہوتے ہیں وہ جو چاہتا ہے ہوجاتا ہے انہوں نے کہا کہ اختلافات ہر جگہ پر ہوتے ہیں جنہیں ملکر ختم کرنا ہوگا آج کے دور میں خواتین کا بھی اہم کردار ہے کہ وہ اپنی اولاد کی صحیح تربیت کریں تاکہ مستقبل میں انکے بچوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تقریب سے وزیراعلیٰ کے مشیر عبدالخالق ہزارہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم دفاع منانے کا مقصد تجدید عہد کرنا ہے سیکورٹی فورسز اپنی ذمہ داریاں پوری کررہی ہیں ہمیں دیکھنا ہے کہ 22 کروڑ عوام کیا اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں کیا ہمارے نوجوان جدید ٹیکنالوجی کے حصول کی جانب گامزن ہیں انہوں نے کہا کہ پاک فوج کا نام پوری دنیا میں ہے اور پوری دنیا اسکی معترف ہے دشمن نے ہمیشہ کوشش کی کہ ملک میں فرقہ واریت اور قومی تعصب پھیلائے ہمیں ملکران کی سازشوں کو ناکام بنانا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہمیں کشمیر کے شہداء کو نہیں بھولنا چاہیے بھارت مقبوضہ کشمیر میں سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مرتکب ہورہا ہے کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار انتہائی ضروری ہے۔ تقریب میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد، صوبائی وزراء کو بہترین کارکردگی پر شیلڈز اور سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

شال بقیہ 6

لانے کے لئے کام شروع کردیا ہے اعلیٰ تعلیم کا فروغ اور بہتری میرا مشن ہے جس کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان سے ملاقات میں صوبے کے اجتماعی مسائل کے حل کے لئے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ہے صوبے کے اجتماعی مسائل کو حل کرنا وفاقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کے لئے بطور گورنر جو بھی کردار ہوا ادا کرونگا انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے یہی وجہ ہے کہ صوبے کے پسماندہ ترین اضلاع کے لئے 600 ارب سے زائد کا ترقیاتی پیکج دیا گیا ہے جس کی تکمیل سے بلوچستان کے پسماندہ اضلاع بھی ملک کے دیگر شہروں کے مقابلے میں آکر کھڑے ہوسکیں گے انہوں نے کہا کہ جلدی صوبے کے شمالی اضلاع میں بھی ترقیاتی پیکج دیا جائیگا۔

شال بقیہ 7

ہوجاتا ہے ایک صحت مند ماں جو کہ ذہنی اور جسمانی طور پر صحت مند ہو وہی تربیت کے فرائض سرانجام دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے ہر فرد اور ہر طبقہ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خواتین کیلئے اپنے گھر سے لے کر ہر وہ ادارے جہاں وہ ذمہ داریاں انجام دیتی ہیں ماحول کو خوشگوار بنائیں تاکہ خواتین بھرپور طریقے سے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے سکیں اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔

شال بقیہ 8

